ROLL NUMBER						

Version No.			
2	0	3	1

⓪	⓪	⓪	⓪	⓪	⓪	⓪	⓪
①	①	①	①	①	①	①	●
②	②	②	②	②	②	●	②
③	③	③	③	③	●	③	③
④	④	④	④	④	④	④	④
⑤	⑤	⑤	⑤	⑤	⑤	⑤	⑤
⑥	⑥	⑥	⑥	⑥	⑥	⑥	⑥
⑦	⑦	⑦	⑦	⑦	⑦	⑦	⑦
⑧	⑧	⑧	⑧	⑧	⑧	⑧	⑧
⑨	⑨	⑨	⑨	⑨	⑨	⑨	⑨

اردو (لازمی) ایس ایس سی -II

حصہ اوّل (کُل نمبر 15)

وقت: 20 منٹ

Section – A is compulsory. All parts of this section are to be answered on this page and handed over to the Centre Superintendent. Deleting/overwriting is not allowed.

Do not use lead pencil.

حصّہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات اسی صفحہ پر دے کر ناظم مرکز کے حوالے کریں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

Answer Sheet No. _____

Candidate Sign. _____

Invigilator Sign. _____

ہر سوال کے سامنے دیے گئے، کریکولم کے مطابق درست دائرہ کو پُر کریں۔

Fill the relevant bubble against each question according to curriculum:

	سوال	الف	ب	ج	د	الف	ب	ج	د
1.	'ابتدائی نقشہ یا ڈھانچہ' کس کے لغوی معنی ہیں؟	خط	مضمون	غزل	خاکہ	○	○	○	○
2.	ایک چراغ بجھ گیا۔ اس میں "چراغ" کیا ہے؟	مستعار منہٗ	مشبہ	کنایہ	مستعار لہٗ	○	○	○	○
3.	ایسا جملہ یا لفظ جو وضاحت یا طنز کے لیے لکھا یا بولا جاتا ہے۔ عبارت میں اس کے ہونے یا نہ ہونے سے زیادہ فرق نہیں پڑتا، کیا کہلاتا ہے؟	جملہ فعلیہ	جملہ انشائیہ	جملہ معترضہ	جملہ اسمیہ	○	○	○	○
4.	درج شعر قواعد کی رُو سے کیا ہے؟ ہم اُسے منہ سے بُرا تو نہیں کہتے کہ فراقؔ دوست تیرا ہے، مگر آدمی اچھا بھی نہیں	غزل کا پہلا شعر	حسن مطلع	مطلع	مقطع	○	○	○	○
5.	درج شدہ میں سے محاورہ کی نشاندہی کیجیے۔	خوبصورت پھول	آسمان سے باتیں کرنا	پہاڑ جیسا مضبوط	انیس بیس	○	○	○	○
6.	"تحریری گفتگو" یا "نصف ملاقات" کس کو کہا جاتا ہے؟	خط	کہانی	افسانہ	ناول	○	○	○	○
7.	جس جملے میں فعل تام ہو، وہ کیا کہلاتا ہے؟	جملہ اسمیہ	جملہ معترضہ	فعل مجہول	جملہ فعلیہ	○	○	○	○
8.	دوڑتی ہے رات کو جس کی نظر افلاک پر دن کو جس کی انگلیاں رہتی ہیں نبضِ خاک پر اس شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟	صنعت مبالغہ	صنعت تضاد	صنعت تلمیح	صنعت تکرار	○	○	○	○
9.	موت پر رنج والم کے جذبات سے لبریز صنفِ شاعری کیا کہلاتی ہے؟	رباعی	ہائیکو	قصیدہ	مرثیہ	○	○	○	○
10.	شعر کے آخر میں جوں کے توں آنے والے لفظ یا الفاظ کو کیا کہتے ہیں؟	قافیہ	ہم آواز الفاظ	ردیف	ٹیپ کا مصرعہ	○	○	○	○
11.	محاورے کے لحاظ سے جملہ مکمل کریں۔ تم کو جیسے _____ سونگھ گیا ہے۔	سانپ	بچھو	اُلو	مچھر	○	○	○	○
12.	کرکٹ ٹیم 233 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی۔ کس انداز بیان کا جملہ ہے؟	صحافتی / اخباری	تکنیکی	ادبی	قانونی	○	○	○	○
13.	اردو میں جنس کے لحاظ سے اسم کی کتنی اقسام ہیں؟	دو	تین	چار	پانچ	○	○	○	○
14.	احمد ہوشیار ہے۔ اس جملے میں "ہوشیار" کیا ہے؟	اسم / مبتدا	فاعل	خبر	حرف جار	○	○	○	○
15.	کس طرح کی کہانیوں کے مصنف عموماً نامعلوم ہوتے ہیں؟	اخلاقی کہانیاں	لوک کہانیاں	تاریخی کہانیاں	علاقائی کہانیاں	○	○	○	○

اردو(لازمی) ایس ایس سی - II

وقت:2:40 گھنٹے | کُل نمبر حصّہ دوم اور سوم:60

نوٹ: حصہ دوم اور سوم 2-1 صفحات پر مشتمل ہیں۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

حصہ دوئم (کُل نمبر 30)

سوال نمبر ۲: **الف۔ حصہ نثر**

عبارت کو غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات میں سے سات کے جوابات اپنے الفاظ میں لکھیں: **(7 x 2 = 14)**

سلیمانیہ سے ملحق ایک بڑا کتب خانہ ہے۔ یہاں مخطوطات کا سب سے بڑا ذخیرہ محفوظ ہے۔ اندازے کے مطابق ایک لاکھ قلمی کتابیں یہاں ہیں اور نہایت ترتیب و تنظیم سے رکھی ہوئی ہیں۔۔۔۔ استنبول کے عجائب خانوں میں توپ کاپی کی حیثیت شہرہ آفاق ہے۔ یہاں رومی، بزنطینی اور عثمانی عہد کی ہزاروں لاکھوں قیمتی اشیاء رکھی گئی ہیں۔ اس میں عثمانی سلاطین کے آثار، جواہرات، ملبوسات اور دیگر اشیائے آرائش و تزئین کے علاوہ چینی، جاپانی، عربی اور یورپی عجائب بھی رکھے گئے ہیں۔ توپ کاپی میں آثار قدیمہ کے ایک عجائب گھر کے علاوہ فوجی عجائب خانہ بھی علیحدہ موجود ہے۔ جو "اوقاف" کہلاتا ہے۔ اسلامی ترکی آرٹ، ادب اور نقاشی نیز مصوّری کے بھی حیرت انگیز نمونے موجود ہیں۔ اسلامی علوم و فنون اور ثقافت کو آگے بڑھانے میں سلاجقہ ترک، بالخصوص عثمانی حکمرانوں کا کردار بہت نمایاں ہیں۔ انہی کے علمی ذوق کی وجہ سے استنبول کا عجائب خانہ توپ کاپی جہاں نوادر اور آثار قدیمہ کا مشہور عالم مرکز بنا۔ نوادر کتب اور اہم مخطوطات کے الگ شعبے ہیں۔ بعض ایسی کتابیں بھی وہاں موجود ہیں کہ جن کا ایک نسخہ دنیا میں موجود ہے اور وہ نسخہ توپ کاپی میں موجود ہے۔

سوالات:

(i) سلیمانیہ سے ملحق کتب خانہ میں اندازاً کتنی کتابیں موجود ہیں؟ ان کو کیسے رکھا گیا ہے؟

(ii) توپ کاپی میں کن ادوار کی اشیا موجود ہیں؟

(iii) فوجی عجائب خانہ کیا کہلاتا ہے؟

(iv) سلاجقہ ترک اور عثمانی حکمرانوں کے کسی ایک کارنامے کا تذکرہ کریں۔

(v) توپ کاپی میں دنیا کے کن حصوں کے عجائبات موجود ہیں؟

(vi) توپ کاپی میں موجود کتب کی کیا خاصیت ہے؟

(vii) استنبول کے عجائب خانوں میں توپ کاپی کی کیا حیثیت ہے؟

(viii) اس عبارت میں مرکب عطفی کی مثالیں تحریر کریں۔

(ix) اس عبارت کا مرکزی خیال تحریر کریں۔

ب۔ حصہ شعر

درج ذیل اشعار کو غور سے پڑھیں اور آخر میں دیے گئے سوالات میں سے پانچ اجزا کے جوابات لکھیں۔ **(5 x 2 = 10)**

(i) سرنگوں رہتی ہیں جس سے قوتیں تخریب کی — جس کے بُوتے پر لچکتی ہے کمر تہذیب کی

(ii) تھک ہار کے بیٹھے ہیں، سر کوئے تمنا — کام آئے تو پھر، جذبہ ناکام ہی آئے

(iii) کثرتِ جرم سے ایسا ہوں میں مجرم نادم — توبہ کرتے ہوئے بھی مجھ کو حیا آتی ہے

(iv) بات یہ ہے کہ سکونِ دل وحشی کا مقام — کنجِ زنداں بھی نہیں، وسعتِ صحرا بھی نہیں

(v) کاروبارِ جہاں سنورتے ہیں — ہوش جب بے خودی سے ملتا ہے

سوالات:

(i) پہلے شعر میں تخریب کی قوتوں سے کیا مراد ہے؟

(ii) مایوسی کے عالم کون سا جذبہ انسان کے کام آتا ہے؟ بحوالہ شعر (ii)

(iii) شاعر نے خود کو مجرم کیوں کہا؟ بحوالہ شعر (iii)

(iv) سکونِ دلِ وحشی کا مقام شاعر نے کہاں بتایا ہے؟ بحوالہ شعر (iv)

(v) ہوش اور بے خودی کے ملنے کا کیا نتیجہ نکلتا ہے؟ بحوالہ شعر (v)

(vi) شاعر کو کس کام سے حیا آتی ہے؟ اور کیوں؟ بحوالہ شعر (iii)

ورق الٹئے

ج۔ حصہ قواعد

درج ذیل میں سے تین اجزا کے جوابات لکھیں۔ **(3 x 2 = 06)**

(i) ''میں نے شام سے مالٹا خریدا''۔ درج شدہ جملے میں کسی ایک ذو معنی لفظ کی نشان دہی کریں۔ اس لفظ کے دونوں معنی تحریر کریں۔ اس لفظ سے ایک نیا جملہ بھی بنائیں۔

(ii) درج شدہ شعر میں سے ارکانِ تشبیہ الگ کریں۔

گرمی یہ تھی کہ زیست سے دل سب کے سرد تھے
پتے بھی مثلِ چہرۂ مدقوق زرد تھے

(iii) ''فائزہ نے کتاب خریدی۔'' اس جملے کی ترکیبِ نحوی کریں۔

(iv) روز مرہ اور محاورہ کا فرق تحریر کریں۔

حصہ سوئم (کُل نمبر 30)

سوال نمبر ۳: **مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پیراگراف کی تشریح کریں۔** **(05)**

(الف)۔ نظریہ پاکستان کا مقصد پاکستان کو ایک اسلامی اور فلاحی مملکت بنانا ہے۔ ہمیں ایسا کوئی قدم نہیں اُٹھانا چاہیے جس کی وجہ سے خُدا اور اُس کے رسول ﷺ (خاتم النبیین) کے سامنے شرمندہ ہونا پڑے۔ ہمارا جینا اور ہمارا مرنا پاکستان کے لیے ہونا چاہیے قومی مفاد کے سامنے ذاتی مفاد کو دل سے نکال دینا چاہیے۔ ہر قسم کی گروہ بندی سے بالاتر ہو کر تمام پاکستانیوں کی فلاح و بہبود کی کوشش کرنا نظریہ پاکستان کو فروغ دینا ہے۔ اگر ہم نے نظریہ پاکستان کو پیش نظر رکھا اور اپنی سیرت اور کردار کو اس کے مطابق ڈھالنے کی کوشش کی تو دنیا کی دوسری قوموں میں بھی ہمیں امتیاز حاصل ہو گا۔

(ب)۔ کوئی غلطی سرزد ہو جائے تو اُسے کبھی مت مانیے۔ لوگ ٹوکیں تو الٹے سیدھے دلائل بلند آواز میں پیش کر کے انھیں خاموش کرا دیجیے ورنہ خواہ مخواہ سر پر چڑھ جائیں گے۔ دورانِ گفتگو لفظ ''آپ'' کا استعمال دو یا تین مرتبہ سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔ اصل چیز ''میں'' ہے۔ اگر آپ نے اپنے متعلق نہ کہا تو دوسرے اپنے متعلق کہنے لگیں گے۔ تعریفی جملوں کے استعمال سے پرہیز کیجیے، کبھی کسی کی تعریف مت کیجیے، ورنہ سُننے والے کو شبہ، ہو جائے گا کہ آپ اسے کسی کام کے لیے کہنا چاہتے ہیں۔

سوال نمبر ۴: **مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نظمیہ جزو کی تشریح کریں۔** **(05)**

(الف)۔

شیر اُٹھتے تھے نہ دھوپ کے مارے کچھار سے
آہُو نہ مُنھ نکالتے تھے سبزہ زار سے
آئینہ مہر کا تھا مکدّر غُبار سے
گردوں کو تپ چڑھی تھی زمیں کے بُخار سے
گرمی سے مُضطرب تھا زمانہ زمین پر
بُھن جاتا تھا جو گِرتا تھا دانہ زمین پر

(ب)۔

چھپنا وہ ماہتاب کا، وہ صبح کا ظہور
یادِ خُدا میں زمزمہ پردازی طیور
وہ رونق اور وہ سرد ہوا، وہ فضا، وہ نور
خنکی ہو جس سے چشم کو اور قلب کو سرور
انسان زمین پہ محو، ملک آسمان پر
جاری تھا ذکرِ قدرتِ حق ہر زبان پر

سوال نمبر ۵: **مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک غزلیہ جزو کی تشریح کریں۔** **(05)**

(الف)۔

ایسے بگڑے کہ پھر جفا بھی نہ کی
دشمنی کا بھی حق ادا نہ ہوا
کٹ گئی احتیاط عشق میں عمر
ہم سے اظہار مدعا نہ ہوا

(ب)۔

جلنا تو چراغوں کا مقدر ہے ازل سے
یہ دل کے کنول ہیں کہ بجھے ہیں نہ جلے ہیں
تھے کتنے ستارے کہ سر شام ہی ڈوبے
ہنگام سحر کتنے ہی خورشید ڈھلے ہیں

سوال نمبر ۶: یونین کونسل کے چیئرمین کے نام عیدِ قربان کے بعد صفائی محلہ کی درخواست تحریر کریں۔ **(05)**

یا

محفل میلاد کی رُوداد تحریر کریں۔

سوال نمبر ۷: **دیے گئے اشارات کی مدد سے کسی ایک موضوع پر دو سو سے تین سو الفاظ پر مشتمل ایک مضمون لکھیں:** **(10)**

الف۔ وقت کی پابندی

خاکہ:

(i) وقت کی پابندی کا مفہوم (ii) نظامِ کائنات اور وقت کی پابندی (iii) مختلف طبقے کے افراد کے لیے پابندی وقت کی اہمیت
(iv) اسلام میں پابندی وقت کا درس (v) وقت کی پابندی نہ کرنے کے نقصانات

ب۔ اطاعتِ والدین

خاکہ:

(i) مفہوم (ii) اسلام میں اطاعتِ والدین کا حکم (iii) احادیث کی روشنی میں اطاعت والدین کی اہمیت
(iv) خدمت والدین کا اجر (v) والدین کی نافرمانی کی سزا